© rasailojaraid.com

موضوع پر ڈاکٹر محمد یوسف صاحب کا مضمون پیش کیا گیا ہے۔ ان مقالات کے ساتھ قراردادِ مقاصد اور اس کے محرک جناب لیاقت علی خان صاحب کی تحریکی تقریر بھی جمع کر دی گئی ہے تاکہ اسلامی اصولِ سیاست کی روشنی میں اس فاصلے کو ناپا جاسکے جو قراردادِ مقاصد اور دستوری سفارشات کے درمیان رکھا گیا ہے۔

تتمہ کے طور پر "مسلم معاشرہ کی اصلاح" کے موضوع پر پرنس سعید حلیم پاشا کا مضمون شریک مجموعہ ہے۔

---

**الطریقة السهلة**

مؤلفہ: ایس، اے، رشید صاحب عربک لکچرار جامعہ عباسیہ بہاولپور۔

ملنے کا پتہ: مؤلف کے علاوہ قومی کتب خانہ چوک بازار بہاولپور سے مل سکتی ہے۔

قیمت: مکمل نصاب دو روپے۔

عربی زبان کی تعلیم کو آسان بنانے کے لئے اچھی قسم کی نصابیات کا خلا پُر کرنے کے لئے برابر کوششیں ہو رہی ہیں اور ان کوششوں کے متعدد اچھے نتائج ہمارے سامنے ہیں۔ الطریقة السهلة بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ مؤلف نے عربی کا کافی ذخیرۂ الفاظ بہم پہنچانے کے ساتھ ساتھ اس کورس میں قواعد کی تفہیم بہت ہی سادہ طریق پر کی ہے۔ یہ ہم ضرور عرض کریں گے کہ قواعدِ صرف و نحو کے ذریعے زبان سکھانے کا فرسودہ طریق اختیار کرنے کے بجائے اگر تعلیمِ زبان کے ذریعے قواعدِ صرف و نحو سکھانے کا طریق اختیار کیا جاتا تو تعلیمِ زبان دانی کے اصولوں کے لحاظ سے صحیح تر ہوتا۔ آخر کیوں نہ ایسا ہو کہ عربی کی تعلیم روزمرہ کی ضرورت کے جملوں، کہانیوں، مکالموں اور نظموں کے ذریعے دی جائے اور قواعد کی تعلیم کو اس میں سمو دیا جائے۔ بحالاتِ موجودہ یہ کورس طلبہ کی نفسیات کے لحاظ سے کبھی بھی دلچسپ نہ ہوگا۔ اور جو نصاب دلچسپ نہ ہو وہ سہل بھی نہیں ہو سکتا۔ علاوہ بریں کتابت و طباعت کا معیار بھی تعلیمی نقطۂ نظر سے صحیح نہیں ہے۔

عربی زبان کے اساتذہ اور بطورِ خود عربی زبان کا مطالعہ کرنے والے اصحاب اس نصاب کو آزمائیں اور مولف کو مفید مشورے بہم پہنچائیں۔

---

© rasailojaraid.com